حرفِ اوّل

بفضل اللہ اب "حکمتِ قرآن" کے مضامین و مقالات میں خاصا تنوّع پیدا ہو رہا ہے۔ حالیہ اشاعت میں حکم و عبر کے اداریے کے تحت مدیر صاحب کا مضمون "عورت کی گواہی، اعتراضات و جوابات" موجود ہے۔ برادرِ محترم جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کا سلسلہ وار موضوع "السحر" بھی شامل ہے۔ اور اس کے ساتھ ہی ان کے درسِ قرآن "بعنوان" ایمان اور اس کے ثمرات و مضمرات" (سورۂ تغابن کی روشنی میں) کی دوسری قسط بھی حاضر ہے ـــ پچھلے شمارے میں "حقیقتِ زندگی" کے موضوع میں تسلسل کے لئے "حقیقتِ انسان" کے بارے میں ڈاکٹر صاحب نے کچھ تحریر فرمانے کے ارادے کا اظہار کیا تھا۔ چنانچہ اس مضمون کی پہلی قسط حاضر ہے۔

اس کے علاوہ اس شمارے میں پروفیسر یوسف سلیم چشتی مرحوم کا ایک اہم اور فکرانگیز مضمون " اسلام کو حکمائے عصر کے تین چیلنج " بھی شامل ہے۔ یہ مضمون اگرچہ اس سے قبل "میثاق" (اپریل ۱۹۷۴ء) میں اشاعت پذیر ہو چکا ہے۔ مگر ایک تو اس وقت "میثاق" کی محدود اشاعت کے سبب کم استفادے کے پیشِ نظر اور دوسرے "حکمتِ قرآن" میں اس مضمون کی زیادہ مناسبت کی وجہ سے اسے پھر پیش کیا جا رہا ہے۔ مولانا تقی امینی صاحب کے سلسلہ وار مقالہ " فہم قرآنی کا درجہ حکمت " کی ایک قسط بھی آگئی ہے۔ سیرتِ خلیل" کے عنوان سے مولانا الطاف الرحمٰن بنوی صاحب کے سلسلہ وار مضمون کی قسط بھی شاملِ اشاعت ہے۔ مضاربت پر مولانا محمد طاسین صاحب کے مقالے کی اب دوسری قسط دی جا رہی ہے غالباً دو اور اقساط میں یہ مقالہ مکمل ہو جائے گا۔ آخر میں تبصرۂ کتب کے مستقل عنوان کے تحت چند کتابوں پر تبصرے بھی شامل ہیں۔

اللہ کے فضل و کرم سے قرآن اکیڈمی کے دو سالہ تعلیمی کورس میں طلبہ کی تدریس کا کام بطریقِ احسن ہو رہا ہے۔ ابتدائی ایک سال خصوصیت کے ساتھ عربی زبان سیکھنے اور اس میں صرفی و نحوی اعتبار سے پختگی پیدا کرنے پر کامل توجہ دی جا رہی ہے۔ اس سلسلے میں پروفیسر

بقیہ صـــ ۶ پر